بردباری کا نمونہ ہے --- بلاشبہ ان کا شمار عصر حاضر کے بلور روزگار افراد میں ہونا چاہیے۔ (و-ہ)

کتب موصولہ

☆ **پارہ عمّ**، اردو انگریزی میں ترجمہ اور تشریح کے ساتھ، ناشر: بیت الحکمت، مدینتہ الحکمت، محمد بن قاسم ایونیو، کراچی۔ صفحات: ۱۱۸۔ قیمت: ۵۰ روپے۔ [آخری پارے کا عربی متن، آسان اور توضیحی اردو ترجمہ، علامہ عبداللہ یوسف علی کا انگریزی ترجمہ، اور نونہالان وطن کو مخاطب کر کے ایک مختصر تشریح --- بقول حکیم محمد سعید: "قرآن حکیم کی تعلیم اور تفہیم کے بغیر تعلیم و تربیت کا کوئی تصور ممکن نہیں۔ (اسی) سے سچے مسلمان اور اچھے انسان کا وجود ممکن ہو سکتا ہے"۔ ایک قابل قدر کتاب]۔

☆ **قرآنی عربی**، ڈاکٹر ابراہیم حافظ اسماعیل سورتی، مترجم: رضوان الحق، ناشر: قاف قرآنی عربی فاؤنڈیشن، برمنگھم۔ ملنے کا پتہ: اردو بک ریویو، ۳/۱۷۳۹، نیو کوہ نور ہوٹل، پٹوڈی ہاؤس، نئی دہلی ۱۱۰۰۰۲۔ صفحات: ۳۸۷۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔ [سالہا سال کے تدریسی تجربات کے نتیجے میں اخذ کردہ طریقوں کی روشنی میں قرآنی عربی سکھانے کے لیے ایک مفید کتاب]۔

☆ **دعوت** (روزنامہ) خصوصی اشاعت: "تعلیم اور مسلمان آزادی کے بعد"، مدیر: پرواز رحمانی۔ پتہ: ۳۳ ابو الفضل انکلیو، جامعہ نگر، اوکھلا، نئی دہلی۔ صفحات: ۱۳۶۔ قیمت: ۲۰ روپے۔ [آزادی کے بعد بھارت میں مسلمانوں کی دینی اور عصری تعلیمی صورت حال پر وہاں کے اساتذہ اور ماہرین تعلیم کے بیس معلومات افزا اور فکر انگیز مضامین]۔

☆ **حجاج کرام کے لیے آسان دعائیں**، ناشر: شعبہ حج، جماعت اسلامی کراچی، شکارپور کالونی، کراچی۔ صفحات: ۳۲۔ ہدیہ: ۱۰ روپے۔ [جیبی سائز کا خوب صورت مجموعہ۔ قرآن و حدیث کے ایسے اذکار اور دعائیں جن کا یاد کرلینا آسان ہے]۔

☆ **دعوت و تبلیغ کے رہنما اصول**، فتحی یکن، ترجمہ: محمد رضی الاسلام ندوی۔ ناشر: اسلامک بک فاؤنڈیشن، ۱۷۸۱ حوض سوئی والان، نئی دہلی۔ صفحات: ۱۵۵۔ قیمت: ۵۰ روپے۔ [مصنف کی کیف ندعو الاسلام کا عمدہ ترجمہ۔ دعوت کے طریقے، اسلامی نظام کے اہم اور بنیادی خطوط۔ بحث و گفتگو کے موضوعات۔ ایک مفید کتاب]۔

☆ **دیوان غالب**، مرزا اسد اللہ خاں غالب۔ ناشر: فضلی سنز (پرائیویٹ) لیمیٹڈ۔ ۳، ماما پارس بلڈنگ، اردو بازار، کراچی۔ صفحات: ۳۴۲۔ (چھوٹی تقطیع) قیمت: ۱۰۰ روپے مجلد۔ [عمدہ کاغذ، بے داغ کتابت، خوب صورت حاشیے کے اندر خلیق گوہکی مرحوم کی کتابت میں یہ یادگاری نسخہ، تحفے میں دینے کے لائق ہے]۔

☆ **نشید شیراز**، مولانا ظفر علی خاں، مرتبہ: پروفیسر جعفر بلوچ۔ ناشر: الحسن اکادمی، ۸ غزالی پارک، نزد وحدت کالونی، لاہور۔ صفحات: ۱۱۲۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔ [مرتب نے مولانا ظفر علی خاں کا فارسی کلام، ان کے اردو مجموعوں اور اخبارات و رسائل سے، بڑی محنت سے جمع کر کے حواشی کے ساتھ مرتب کر دیا ہے۔ یہ علمی خدمت لائق تحسین ہے]۔